فوری ریلیز کے لیے: 2024/22/1 **گورنر *KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے لانگ آئیلینڈ کے اہم پلوں کے ساتھ پائیداری اور نقل و حرکت میں بہتری لانے کے پروجیکٹس کی تکمیل کا اعلان کیا ہے

سن رائز ہائی وے پر نیا ہاسپٹل روڈ پل تعمیر کیا گیا ہے اور سافک کاؤنٹی میں چھ دیگر پلوں کی تجدید کاری کی گئی ہے

یہ پروجیکٹس آمدورفت کے بنیادی ڈھانچے میں $48.2 ملین کی سرمایہ کاری کی نمائندگی کرتے ہیں

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ ایسے پروجیکٹس کے ایک سلسلے پر کام مکمل ہو چکا ہے جو سلامتی بڑھاتے ہیں، ٹریفک کے بہاؤ میں بہتری لاتے ہیں اور لانگ آئیلینڈ پر کئی اہم پلوں کی پائیداری میں مضبوطی لاتے ہیں۔ اس خطے کے آمدورفت کے بنیادی ڈھانچے میں $48.2 ملین کی سرمایہ کاری کی نمائندگی کرنے والے، ان پروجیکٹس میں ٹاؤن آف بروک ہیون میں سن رائز ہائی وے (اسٹیٹ روٹ 27) پر ہاسپٹل روڈ کو لے جانے والے ایک نئے پل کی تعمیر، لانگ آئیلینڈ ایکسپریس وے کے پانچ پُلوں پر پل کے ڈیک کی تجدید کاریاں اور ٹاؤن آف بیبیلون میں ہبرڈز پاتھ پر سن رائز ہائی وے پل کی بحالی کا کام شامل ہے۔ ریاست نیو یارک کے محکمۂ آمدورفت کی جانب سے ان پروجیکٹس پر کام کی قیادت کی گئی تھی۔

"گڑھوں کو ہموار کرنے سے لے کر پُل بنانے تک، میں لانگ آئیلینڈ کے آمدورفت کے بنیادی ڈھانچے کی مرمت کے لیے پُرعزم ہوں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "پل والے ان پروجیکٹس سے لانگ آئیلینڈ پر انتہائی اہم روڈ ویز میں بہتری آئے گی اور اس بات کو یقینی بنانے میں مددگار ثابت ہوں گے کہ ہمارا بنیادی ڈھانچہ قائم و دائم رہے گا۔"

سن رائز ہائی وے پر نئے ہاسپٹل روڈ پُل نے اس ڈھانچے کی جگہ لے لی ہے جو 1959 میں بنایا گیا تھا اور ایک جدید دور کے ساتھ روزانہ تقریباً 12,000 گاڑیاں اس پر سفر کرتی ہیں جس میں بھیڑ میں کمی لانے کے لیے ایک اضافی سفری لین شامل ہے؛ اور سائیکل اور پیدل چلنے والوں کی ٹریفک سنبھالنے کے لیے نئے فٹ پاتھ اور 12 فٹ چوڑی ملحقہ گزرگاہیں شامل ہیں۔ یہ ہاسپٹل روڈ قریبی لانگ آئیلینڈ کمیونٹی ہسپتال تک رسائی کے علاوہ بہت سے دیگر نگہداشتِ صحت کے فراہم کنندگان، کاروباری اداروں اور رہائشی ترقیاتی کاموں تک اہم رسائی فراہم کرتی ہے۔ 2022 کے موسمِ بہار میں اس پروجیکٹ کا کام شروع ہوا تھا اور اس میں 28,000 فٹ سے زیادہ طویل اسٹیل کے سریے، اسٹیل کی مضبوطی کے لیے 368,000 پاؤنڈ سے زیادہ بیمز اور 1,400 ٹن سے زیادہ کنکریٹ کا استعمال شامل ہے۔ اس نئے پل میں لانگ آئیلینڈ ہائی وے کے دوسرے پلوں سے ہم آہنگ پتھر والا سامنے کا حصہ بھی خاص طور پر شامل ہے۔

مزید برآں، شمالی اور جنوبی سروس روڈز کے ساتھ ہاسپٹل روڈ کے چوراہوں کو دوبارہ تعمیر کیا گیا ہے تاکہ ٹرننگ لین، کراس واک، اور پیدل چلنے والوں کے کاؤنٹ ڈاؤن ٹائمرز والے خصوصی بنائے گئے ٹریفک سگنلز شامل کیے جائیں جو کہ معذوریوں کے شکار امریکی شہریوں کے ایکٹ (Americans with Disabilities Act) کے موافق ہوں۔ یہ پروجیکٹ ٹاؤن آف بروک ہیون، جنہوں نے اوور پاس کا ڈیزائن تیار کیا تھا، اور ریاستی محکمۂ آمدورفت، کا ایک مشترکہ منصوبہ ہے، جنہوں نے اس کی تعمیر کی نگرانی کی تھی۔

ان چھ پلوں میں کنکریٹ کی تجدید کا کام اور ساختی اعتبار سے بہتری کے کام کیے گئے ہیں تاکہ انہیں شدید موسم سے محفوظ رکھا جائے اور ان پلوں پر روزانہ سفر کرنے والی ہزاروں مسافر گاڑیوں اور بھاری ٹرکوں کے لیے ڈرائیونگ کے حالات میں بہتری لائی جائے۔

مقامی سڑکوں پر لانگ آئیلینڈ ایکسپریس وے (انٹر اسٹیٹ 495) کی جانب لے جانے والے پانچ پُلوں پر کنکریٹ کے ڈیکس کی تجدید کا کام کیا گیا ہے۔ ہر پل پر، کنکریٹ کی سب سے اوپر والی تہہ ہٹا دی گئی ہے اور اسے انتہائی اعلیٰ کارکردگی والے کنکریٹ سے تبدیل کر دیا گیا ہے تاکہ باقاعدہ دیکھ بھال میں کمی لائی جائے اور ان کے کارآمد عرصۂ حیات کو دو دہائیوں تک بڑھایا جا سکے اس پراجیکٹ میں 210,000 پاؤنڈز تک کے اسٹیل کے نئے سریے اور کنکریٹ کے 2000 ٹن سے زائد استعمال کیے گئے ہیں۔ اس میں درج ذیل پُل شامل تھے:

- بلیو پوائنٹ روڈ کے اوپر مشرقی جانب اور مغربی جانب تک محیط، ٹاؤن آف بروک ہیون؛
- ہالبروک روڈ کے اوپر مغربی جانب تک محیط، ٹاؤن آف بروک ہیون؛
- راؤنڈ سویمپ روڈ کے اوپر مشرقی جانب اور مغربی جانب محیط، ٹاؤن آف ہنٹنگٹن۔

نیز، ٹاؤن آف بیبیلون میں ہبرڈز پاتھ پر سن رائز ہائی وے پُل کی مکمل بحالی کا کام کیا گیا ہے جس میں بہت سے ساختی اجزاء ہٹا دیئے گئے ہیں اور ان کی جگہ 210,000 پاؤنڈ کے نئے اسٹیل سریے اور 2000 ٹن سے زیادہ کنکریٹ استعمال کیا گیا ہے، جس سے علاقے کے گھروں، اسکولوں، پارکس اور مقامی کاروباری اداروں کو فائدہ پہنچے گا۔

ان چھ مقامات پر کنکریٹ کی رکاوٹوں کے پیچھے کی جانب مراحل میں تعمیراتی کام انجام پایا ہے تاکہ ہائی وے کے کارکنان محفوظ طریقے سے کام آگے بڑھا سکیں اور ٹریفک میں کم از کم خلل پڑے۔

ان ساتوں پلوں پر کام کی وجہ سے 600 سے زیادہ ملازمتیں پیدا کرنے میں مدد ملی تاکہ مقامی معیشت کو تقویت ملے۔

سینیٹ کے اکثریتی رہنما Charles Schumer نے کہا، "میں نے دو طرفہ بنیادی ڈھانچے اور جابز (Bipartisan Infrastructure & Jobs) قانون کو منظور کروانے کے لیے سخت محنت کی ہے تاکہ لانگ آئیلینڈ اور اس سے آگے تک ہماری پرانی سڑکوں اور پلوں کو اپ گریڈ کیا جائے۔ نئے ہاسپٹل روڈ بریج اور LIE پل کے ڈیک کی مرمت کا مطلب یہ ہے کہ لانگ آئیلینڈ کے لاتعداد موٹرسائیکل سواروں، سائیکل سواروں اور پیدل چلنے والوں کے لیے سفر کرنا محفوظ تر، پہلے سے زیادہ آسان ہو گیا ہے، اور میں اس خطے میں آمدورفت کی فنڈنگ کو بڑھانے کے لیے لڑتا رہوں گا۔"

ریاست نیو یارک محکمۂ آمدورفت کی کمشنر Marie Therese Dominguez نے کہا، "ہمارے آمدورفت کے بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاری کے لیے گورنر Hochul کا شکریہ کہ ان کے عزم کی بدولت، ریاست نیو یارک DOT کی جانب سے نیو یارک کے شہریوں کے لیے انقلابی تبدیلی لانے والے پروجیکٹس کی تکمیل پر مسلسل کام کیا جا رہا ہے۔ لانگ آئیلینڈ پر ان پلوں والے پروجیکٹس میں کی گئی سرمایہ کاری جیسی اسٹریٹجک سرمایہ کاری سے کمیونٹیز کو جوڑنے اور ہمارے آمدورفت کے نیٹ ورک کو مزید لچکدار بنانے میں مدد ملے گی کیونکہ ہم موسمیاتی تبدیلیوں اور شدید موسم کے ازلی طور پر موجود اثرات سے نبرد آزما ہیں۔"

سافک کاؤنٹی کے ایگزیکٹیو Ed Romaine نے کہا، "ہم گورنر Hochul اور اپنے ریاستی نمائندگان کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ ہمارے مقامی بنیادی ڈھانچے میں بہتری لانے کے لیے انہوں نے اپنے معاہدوں پر عمل درآمد کیا ہے۔ ان پروجیکٹس سے ایسے طویل مدتی مسائل حل ہوئے ہیں جو کئی برسوں سے عوامی تحفظ اور معیار زندگی کے خدشات کا سبب بنے ہوئے تھے۔ ہم ان تمام مرد حضرات اور خواتین کی محنت کو بھی سراہتے ہیں جنہوں نے ان شاندار پروجیکٹس پر ہزاروں گھنٹے صرف کیے ہیں۔ ان اقدامات کی تکمیل ہماری کمیونٹیز کے لیے پیش رفت کی جانب ایک بہت بڑا قدم ہے۔"

ریاستی سینیٹر Dean Murray نے کہا، "میں گورنر Hochul اور NYSDOT کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے ہاسپٹل روڈ پل کی مرمت اور بہتری کے لیے اس اشد ضروری اور طویل انتظار والے پروجیکٹ کو پایۂ تکمیل تک پہنچایا ہے، جبکہ اس کے ساتھ ہی پلوں کی مرمت کے متعدد دوسرے پروجیکٹس کو بھی مکمل کیا ہے۔ ہمیں چاہیئے کہ ضروری سرمایہ کاری جاری رکھی جائے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ ہمارا بنیادی ڈھانچہ تمام گاڑی چلانے والوں کے لیے ساختی طور پر محفوظ اور درست ہو۔"

ریاستی سینیٹر Mario Mattera نے کہا، "یہ پروجیکٹس ہمارے آمدورفت کے نیٹ ورک کو بہتر بنانے اور آنے والے سالوں کے لیے ہماری کمیونٹی کے لیے ان اہم پلوں کی حفاظت اور لچک کو یقینی بنانے میں مدد کریں گے۔ ان سے رہائشیوں اور سیاحوں کو یکساں طور پر ایک بلارکاوٹ سفر فراہم کیا جائے گا اور ہمارے بنیادی ڈھانچے میں یہ اہم سرمایہ کاری کرنے پر میں گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ میں نساؤ اور سافک کاؤنٹیز کی بلڈنگ اینڈ کنسٹرکشن ٹریڈز کونسل سے وابستہ محنتی اور ہنر مند مرد حضرات اور خواتین کے لیے بھی اپنی داد و تحسین کا اظہار کرنا چاہتا ہوں کہ ان پروجیکٹس اور بہت سے دوسرے پروجیکٹس پر ان کی سرشار کوششوں کے نتیجے میں ہمارے علاقے میں سب کے لیے بہتری آئے گی۔"

رکن اسمبلی Joseph DeStefano نے کہا، "گورنر Hochul، DOT، اور ان اہم پروجیکٹس کی بروقت اور بجٹ کے اندر تکمیل میں شامل تمام کارکنان کا کروڑہا شکریہ۔ میں خاص طور پر نئے ہاسپٹل روڈ بریج سے متاثر ہوا ہوں، جو اس سائز کے پروجیکٹ کے اعتبار سے بہت تیز رفتاری سے اور ٹریفک میں بہت کم رکاوٹ کے ساتھ مکمل کر لیا گیا تھا۔"

رکن اسمبلی Michael Durso نے کہا، "ٹاؤن آف بیبیلون میں اس اہم بنیادی ڈھانچے کی اپ گریڈیشن کو دیکھ کر میں بہت خوش ہوں۔ ٹاؤن آف بیبیلون کے رہائشیوں کو محفوظ رکھنا ہمیشہ ہماری اولین ترجیح ہونی چاہیئے اور میں حکومت میں اپنے شراکت داروں کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے اس کام کی انجام دہی کے لیے مل کر کام کیا ہے۔"

رکن اسمبلی Doug Smith نے کہا، "مجھے لانگ آئیلینڈ پر $48.2 ملین مالیت کے بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹس کی کامیاب تکمیل کا اعلان کرتے ہوئے بہت خوشی ہو رہی ہے، جس کے نتیجے میں تحفظ اور لچک میں اضافہ ہو رہا ہے۔ یہ اقدامات ایک مضبوط اور مؤثر آمدورفتی نیٹ ورک کے لیے ہماری وابستگی کی نشاندہی کرتے ہیں، جو آنے والے سالوں تک ہماری کمیونٹی کی فلاح و بہبود کو یقینی بناتے ہیں۔"

بیبیلون ٹاؤن کے سپر وائزر Rich Schaffer نے کہا، "گورنر Kathy Hochul کی جانب سے ٹاؤن آف بیبیلون کے آمدورفت کے بنیادی ڈھانچے میں ان کی نمایاں سرمایہ کاریوں پر میں اپنا دلی اظہارِ تشکر پیش کرنا چاہتا ہوں۔ ان پروجیکٹس کی تکمیل، جس میں ہبرڈز پاتھ پر سن رائز ہائی وے پل کی بحالی شامل ہے، سے تحفظ میں بہت اضافہ ہوا ہے، ٹریفک کی روانی میں بہتری آئی ہے، اور ہمارے اہم پلوں کی پائیداری میں مضبوطی آئی ہے۔ ان پروجیکٹس میں اسٹیل کے نئے سریوں اور کنکریٹ کے استعمال سے ان کی پائیداری اور طویل عمر کو یقینی بنایا جائے گا، جس سے ہماری کمیونٹی کو آنے والی دہائیوں تک فائدہ ہوتا رہے گا۔"

ہنٹنگٹن ٹاؤن کے سپر وائزر Ed Smyth نے کہا، "لانگ آئیلینڈ کی سڑکوں اور پلوں کی حفاظت اور مؤثر صلاحیت، ان تمام لوگوں کے لیے معیارِ زندگی کا ایک اہم مسئلہ ہے جو ہماری سڑکوں پر سفر کرتے ہیں۔ بہتریوں کے ان اقدامات کی خاطر گورنر Hochul اور ریاستی محکمۂ آمدورفت کی جانب سے جو ملٹی ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کی گئی ہے وہ لانگ آئیلینڈ پر موجود اس کام کا بوجھ اٹھانے والے اس بنیادی ڈھانچے کی مرمت کے لیے اہم ہے۔ ہم ان کی مسلسل حمایت کے لیے ان کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ لانگ آئیلینڈ پر لانگ آئیلینڈ کے شہریوں کے ٹیکس والے ڈالرز خرچ ہوتے ہوئے دیکھنا اچھا لگتا ہے۔ مجھے یہ امید ہے کہ راؤنڈ سوامپ روڈ پروجیکٹ تو ریاست کی طرف سے ہمارے علاقے میں بنیادی ڈھانچے کے لیے مالی عزم کا محض ایک آغاز ہے۔"

موٹر سائیکل سواروں کو ہدایت دی جاتی ہے کہ وہ کام کے علاقوں میں رفتار کم کریں اور ذمہ داری سے گاڑی چلائیں۔ جس علاقے میں کام ہو رہا ہے وہاں تیز رفتاری کے جرمانے دوگنا کیے جا چکے ہیں۔ جہاں کام جاری ہو اس علاقے میں حدِ رفتار کی دو یا اس سے زیادہ مرتبہ خلاف ورزی کرنے کا نتیجہ ایسے ڈرائیور کے ڈرائیونگ لائسنس کی معطلی کی صورت میں نکل سکتا ہے۔

تازہ ترین سفری معلومات کے لیے، 511 پر کال کریں، www.511NY.org ملاحظہ کریں یا مفت 511NY موبائل ایپ ڈاؤن لوڈ کریں۔

NYSDOT کو، سابقہ طور پر Twitter کے نام سے معروف، X پر @NYSDOT اور @NYSDOTLI پر فالو کریں۔ ہمیں Facebook پر Facebook.com/NYSDOT پر تلاش کریں۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں